14نومبر 2021ء

# اکتوبر 2021ء میں ترسیلات زر کی آمد کی پریس ریلیز

- کارکنوں کی ترسیلاتِ زر کی بھرپور آمد کا سلسلہ جاری رہا اور اکتوبر 2021ء میں 2.5 ارب ڈالر کی رقوم آئیں جو 10.2 فیصد (سال بسال) زیادہ ہے اور پچھلے مہینے سے بہت تھوڑی سی کم ہیں (5.7 فیصد)۔
- جون 2020ء سے 2 ارب ڈالر سے زیادہ رہنے کے علاوہ یہ مسلسل آٹھواں مہینہ ہے کہ ترسیلاتِ زر 2.5 ارب ڈالر کے قریب یا اوپر رہی ہیں۔
- مجموعی طور پر مالی سال 22ء کے پہلے چار مہینوں کے دوران ترسیلاتِ زر بڑھ کر 10.6 ارب ڈالر ہو گئی ہیں جو گذشتہ برس کی اسی مدت سے 11.9 فیصد زیادہ ہے۔
- مالی سال 22ء کے پہلے چار ماہ کے دوران ترسیلاتِ زر زیادہ تر سعودی عرب (2.7 ارب ڈالر)، متحدہ عرب امارات (2.0 ارب ڈالر)، برطانیہ (1.5 ارب ڈالر) اور امریکہ (1.1 ارب ڈالر) سے آئیں۔
- حکومت اور اسٹیٹ بینک کی جانب سے باضابطہ چینلز کے استعمال کی ترغیب دینے کے لیے فعال پالیسی اقدامات اور وبا کے دوران فلاحی رقوم کی منتقلی نے پچھلے سال سے ترسیلاتِ زر کی آمد میں مسلسل بہتری میں کردار ادا کیا ہے۔

***